## بجلی کے ٹیرف میں اضافہ عوام کا معاشی قتل ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔08/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپکو کی جانب سے بجلی کی ٹیرف میں اضافے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شدید گرم موسم میں ایک جانب ملک بھر کے عوام بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں اور بجلی کے عدم فراہمی کے باعث صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہیں جبکہ دوسری جانب دن اور رات کے علیحدہ علیحدہ ٹیرف کے بہانے بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کرکے غریب عوام کا مزید معاشی قتل کیا جارہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ بجلی کے ٹیرف میں اضافے کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## آج ایم کیو ایم کے تحت آرٹس کونسل لاہور میں ''مہنگائی اور عوام کی مشکلات'' کے موضوع پر سیمینار ہوگا

## الطاف حسین سیمینار کے شرکاء سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## لاہور کے عمائدین عوام کو مہنگائی کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں، رابطہ کمیٹی

لاہور۔۔۔8، جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کل بروز جمعہ کو آرٹس کونسل لاہور میں ''مہنگائی اور عوام کی مشکلات'' کے موضوع پر سیمینار منعقد ہوگا جس سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ایم کیو ایم کی جانب سے سیمینار میں شرکت کیلئے سیاسی وسماجی رہنماؤں، دانشوروں، کالم نگاروں، صنعتکاروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین کو مدعو کیا گیا۔ یہ سیمینار کل سہ پہر تین بجے آرٹس کونسل لاہور کے الحمراء ہال نمبر 2 میں منعقد ہوگا۔ایم کیو ایم کی جانب سے سیمینار کی تیاری کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے اور سیمینار کے انعقاد کے سلسلہ میں ایم کیو ایم کے مقامی کارکنان میں جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے۔سیمینار کے انتظامات کی دیکھ بھال کیلئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان لاہور میں موجود ہیں جبکہ سیمینار میں شرکت کیلئے کراچی سے رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء اور ارکان قومی وصوبائی اسمبلی لاہور روانہ ہوچکے ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سیاسی وسماجی رہنماؤں، دانشوروں، کالم نگاروں، صنعتکاروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین سے اپیل کی کہ وہ کل آرٹس کونسل لاہور میں منعقد ہونے والے ایم کیو ایم کے سیمینار میں شرکت کریں اور ملک بھر کے عوام کو مہنگائی کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## پشاور میں طویل لوڈ شیڈنگ کے خلاف پرامن مظاہرہ کرنے والے مظاہرین پر تیزاب پھینکنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔8، جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پشاور میں لوڈ شیڈنگ کے خلاف مظاہرہ کرنے والے مظاہرین پر تیزب پھینکنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پرامن احتجاج کرنا پاکستان کے ہر شہری کا بنیادی اور جمہوری حق ہے اور اس حق کو استعمال کرنے والوں کے ساتھ اس طرح کا وحشیانہ سلوک کرنے والے عناصر جمہوریت اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا امیر خان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ سے پشاور میں لوڈ شیڈنگ کے خلاف پرامن احتجاجی مظاہرین پر تیزاب پھینکنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس سفاکانہ عمل میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے تیزاب پھینکنے جانے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے تمام افراد سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم نے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے،شاکر علی،سلیم تاجک

## ملاقات کیلئے آنے والے ایم کیو ایم اولڈملیر سیکٹر اور یونٹ کے ذمہ داران سے بات چیت

کراچی۔۔۔8،جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاکر علی اور سلیم تاجک نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد کا مقصد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم اولڈملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور یونٹ انچارجز سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم ، جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ ، اراکین ندیم سومرو، احمد رضا، محمد علی کلمتی ،عزیز الرحمان ، ممتاز علی اور راشد اکرام بھی موجود تھے۔ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار کا حصول ہرگز نہیں ہے بلکہ وہ اپنے منشور کے تحت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو بااختیار بنانے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو عملی طور پر ایوانوں میں متعارف کرایا اور ملک سے موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی اقدامات کئے۔شاکر علی اور سلیم تاجک نے ایم کیو ایم کے ذمہ داران کو تلقین کی کہ وہ اتحاد و یکجہتی کے ساتھ حق پرستی کا سفر جاری رکھیں اور خود کو نظریاتی طور پر مستحکم بنانے کیلئے تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔

## غریب اور متوسط طبقہ کے حقوق کی آخری امید صرف ایم کیو ایم ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش،آرگنائزر ایم کیو ایم یوکے

## جب تک عوام جاگیرداروں کے پیچھے بھاگتے رہیں گے انکے مسائل حل نہیں ہوں گے

## شیفیلڈ میں ایم کیو ایم یوکے کے کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب

## ایم کیو ایم کے تیزی سے بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کے پیش نظر ایم کیو ایم شیفیلڈ یونٹ کی ورکنگ کمیٹی کے قیام کا اعلان

لندن۔۔۔ 8 جولائی 2010ء

ایم کیو ایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا ہے کہ پاکستان کے غریب اور متوسط طبقہ کے حقوق کی آخری امید صرف اور صرف ایم کیو ایم ہے۔انہوں نے یہ بات شیفیلڈ میں ایم کیو ایم یوکے کے کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے مسائل کا اصل سبب یہ ہے کہ عوام جاگیرداروں اور وڈیروں پر مشتمل انہی سیاسی جماعتوں کو بار بار آزماتے رہے ہیں جو اقتدار میں آکر عوام کے مسائل حل کرنے اور ان کا معیار زندگی بہتر کرنے کے بجائے لوٹ مار، کرپشن، اپنی جاگیریں اور جائیدادیں بنانے اور اپنے مفادات کے حصول میں مصروف ہوجاتے ہیں اور عوام کو بھول جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب تک عوام جاگیرداروں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اپنی صفوں سے قیادتیں نہیں نکالیں گے ان کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔اجلاس سے ایم کیو ایم یوکے کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان منشاء خان، محمد حلیم، ذوالفقار اور شیفیلڈ کی مقامی کونسل کے رکن راجہ ظفر نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر شیفیلڈ میں ایم کیو ایم کے تیزی سے بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کے پیش نظر ایم کیو ایم یوکے شیفیلڈ یونٹ کی ایک ورکنگ کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا گیا۔جس کے انچارج محمد ذوالفقار ہوں گے جبکہ ورکنگ کمیٹی کے ارکان راجہ محمد ظفر، آصف احمد، کونسلر محمد شفق، سابق کونسلر محمد عظیم اور عبدالحفیظ شامل ہیں۔

## اقوام متحدہ میں خواتین کے نئے عالمی ادارے کے قیام پر ایم کیو ایم شعبہ خواتین کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔8جولائی 2010،

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی اراکین نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں خواتین کیلئے نئے عالمی ادارے ’’یونائیٹڈ نیشن وومن‘‘ کے قیام کا خیر مقدم کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ میں خواتین کیلئے نئے عالمی ادارے کی تشکیل سے دنیا بھر میں خواتین کے حقوق کے تحفظ کی جدوجہد تیز ہوگی۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خواتین کے حقوق اور انہیں مردوں کے شانہ بشانہ زندگی کے ہر شعبہ میں کام کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے حق میں آواز بلند کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیو ایم خواتین کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے شعبہ خواتین کی ارکان نے اقوام متحدہ میں خواتین کیلئے نئے عالمی ادارے کے قیام پر دنیا بھر کی خواتین کو مبارکباد پیش کی۔

## لاڑکانہ کے گاؤں گڑھی خدابخش کے کئی نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

لاڑکانہ۔۔۔8، جولائی 2010ء

سندھ کے معروف اور تاریخی شہر لاڑکانہ کے گاؤں گڑھی خدابخش سے تعلق رکھنے والے متعدد نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم لاڑکانہ زون کے تحت گڑھی خدابخش میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم لاڑکانہ زونل کمیٹی کے انچارج اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ہی واحد جماعت ہے جو جمہوریت کے تسلسل اور ملک کی بقاء و سلامتی کیلئے سرگرم ہے اور غریب عوام کی فلاح و بہبود کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ ایم کیو ایم لاڑکانہ زون کی زونل کمیٹی کے ارکان نے گڑھی خدابخش کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گڑھی خدابخش سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کی ایم کیو ایم میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم کا حق پرستانہ پیغام ملک بھر کے عوام کے دلوں میں گھر کرچکا ہے اور انشاء اللہ عوام کا یہ اتحاد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی نوید ثابت ہوگا اور حق پرستی کی یہ تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی۔

## ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن علی زبیر انتقال کرگئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن علی زبیر انتقال کرگئے۔ مرحوم جگر کے عارضے میں مبتلا تھے اور ان کی عمر 45 سال تھی۔ مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، دو بیٹے اور دو بیٹیاں شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن علی زبیر کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ علی زبیر کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ علاوہ ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن علی زبیر کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆